# مسافت شرعی پر واقع شہر میں جاب کرنے والے کے لیے قصر کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

میرا دوست لاہور کا رہائشی ہے وہ اسلام آباد جاب کرتا ہے اور ہفتے میں پانچ دن اسلام آباد اور دو دن لاہور گزارتا ہے تو اس کے لئے نمازوں کا کیا حکم ہوگا کہ قصر پڑھنی پڑے گی یا مکمل؟ اسلام آباد صرف جاب کے لیے جانا ہوتا ہے اگر جاب ختم تو وہاں جانا بھی ختم اور لاہور سے اسلام آباد مسلسل جانا ہوتا ہے درمیان میں کہیں کسی کام کے لیے رکنا نہیں ہوتا۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دریافت کردہ صورت میں جب اسلام آباد آپ کے دوست کا وطن اصلی نہیں یعنی اس جگہ کو انہوں نے اپنا مستقل مسکن (یعنی رہائش) نہیں بنایا، صرف جاب کی غرض سے ہر ہفتے چار پانچ دن کے لئے وہاں جاتے ہیں تو وہ اسلام آباد جاتے ہوئے اور وہاں سے آتے ہوئے اور پندرہ دن سے کم جتنے دن وہاں رکتے ہیں، ان سب دنوں اور اوقات کی نمازیں قصر ادا کریں گے۔ فقہ حنفی کے مشہور متن المختار میں ہے: ”ويصير مسافرا إذا فارق بيوت المصر قاصدا مسيرة ثلاثة أيام ولياليها بسير الإبل ومشي الأقدام۔۔۔ ولا يزال على حكم السفر حتى يدخل مصره أو ينوي الإقامة خمسة عشر يوما في مصر أو قرية“ ترجمہ: آدمی اس وقت مسافر ہوگا کہ جب وہ اپنے شہر کے گھروں سے نکل جائے اور اس کا ارادہ اس جگہ جانے کا ہو کہ جو انسانی یا اونٹ کی چال کے اعتبار سے تین دن رات کی مسافت بنتی ہو اور آدمی جب تک اپنے شہر میں نہ داخل ہو جائے یا کسی شہر یا گاؤں میں پندرہ دن تک رہنے کی نیت نہ کرلے اس وقت تک مسافر ہی رہے گا (المختار مع الاختیار، جلد 1، صفحہ 79، مطبوعہ: القاہرۃ)

سیدی اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: **”اگر اُس شہر میں پہنچ کر اس بار پندرہ روز یا زیادہ قیام کا ارادہ نہیں بلکہ پندرہ دن سے کم میں واپس آنے یا وہاں سے اور کہیں جانے کا قصد ہے، تو وہاں جب تک ٹھہرے گا، اُس قیام میں بھی قصر ہی کرے گا اور اگر وہاں اقامت کا ارادہ ہے، تو** صرف راستہ بھر قصر کرے، جب اُس شہر کی آبادی میں داخل ہوگا، قصر جاتا رہے گا۔“ (فتاوی رضویہ، ج 8، ص 258، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا اعظم عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3812

**تاریخ اجراء:** 11 ذوالقعدۃ الحرام 1446ھ/09 مئی 2025ء